سوال

مسجد میں جا کر اکیلے نماز پڑھنا؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اگر کسی وجہ سے جماعت سے نماز رہ جائے تو کیا اکیلا آدمی پھر بھی نماز مسجد جا کر پڑھے گا۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آدمی اگر جماعت سے لیٹ ہو جائے تو بھی اسے مسجد میں جا کر نماز پڑھنی چاہیۓ۔ کیونکہ اس کا ایک فائدہ تو یہ ہے کہ شاید وہاں کوئی دوسرا آدمی بھی مل جائے ،جس کے ساتھ آدمی جماعت کروالے۔ دوسرا فائدہ یہ ہے کہ مسجد کی طرف چل کر جانے پر ہر قدم پر جو نیکیاں ملتی ہیں آدمی انہیں حاصل کر لیتا ہے۔ تیسرا فائدہ یہ ہے کہ نماز باجماعت کی کوشش کرنے کی وجہ سے شاید اللہ تعالی اسے نماز باجماعت کا ہی ثواب دے دیں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی